## صدر آصف زرداری نے بینظیر بھٹوشہید کی برسی کے موقع پر پاکستان کو مشکلات سے نکالنے کیلئے جن جراتمندانہ خیالات کا اظہار کیا ہے وہ قابل تحسین ہیں۔الطاف حسین

## تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کو صدر آصف زرداری کی آواز پر لبیک کہنا چاہیے اور ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہئیں

## ایم کیوایم صدر آصف زرداری کے خیالات کا خیرمقدم کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ تمام محبّ وطن پاکستانیوں کو بھی اسکا خیرمقدم کرنا چاہیے

لندن ۔۔۔۔ 29 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری نے محترمہ بینظیر بھٹوشہید کی پہلی برسی کے موقع پر صدمے کی حالت میں پاکستان کی سلامتی و بقاء اور ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے جن جراتمندانہ خیالات کا اظہار کیا ہے وہ قابل تحسین ہیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک جن مشکلات اور امتحانات سے دوچار ہے اس میں صدر آصف زرداری نے ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کے جس عزم کا اظہار کیا ہے وہ ایک محبّ وطن پاکستانی ہی کرسکتا ہے اور ملک کی نازک صورتحال کے پیش نظر تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کو صدر آصف زرداری کی آواز پر لبیک کہنا چاہیے اور ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ صدر آصف زرداری نے ملک کی سلامتی کے حوالے سے جن مدبرانہ اور فکر انگیز خیالات کا اظہار کیا ہے ایم کیوایم ان کا خیرمقدم کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ تمام محبّ وطن پاکستانیوں کو بھی اس کا خیرمقدم کرنا چاہیے۔

## اے پی ایم ایس او کے وائس چیئر مین نعمان علی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔29، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے وائس چیئرمین نعمان علی کے والد فہیم علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## پاک بھارت کشیدگی کے خاتمہ کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل ایک وفد بھارت، امریکہ اور یورپ بھیجا جائے، الطاف حسین

## دنیا بھر میں پاکستان کا مؤقف اجاگر کرنے کیلئے سفارتی سطح پر بھرپور کردار ادا کیا جائے

## پاکستان کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ نان ایشوز کو قومی سلامتی پر ہرگز ترجیح نہ دیں

## آپ ملک کی بہت بڑی خدمت کررہے ہیں جسے تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی، سینیٹر طارق عظیم

## سینیٹر طارق عظیم نے الطاف حسین کے خیالات کا خیرمقدم کرتے ہوئے ان کی تجاویز سے مکمل اتفاق کیا

## سینیٹر طارق عظیم اور الطاف حسین کے درمیان ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔29، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر پاکستان کو تنہائی سے بچانے کیلئے ضروری ہے کہ ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل ایک وفد بھارت، امریکہ اور یورپ بھیجا جائے تا کہ بات چیت کے ذریعہ پاک بھارت کشیدگی کا خاتمہ کیا جا سکے۔یہ بات انہوں نے پیر کی شب مسلم لیگ(ق) کے رہنماء سینیٹر طارق عظیم سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو کا سلسلہ تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہا جس کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال، مذہبی انتہاء پسندی، پاک بھارت کشیدگی، پاکستان کی خارجہ پالیسی اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹر طارق عظیم سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کیا کہ پاکستان بین الاقوامی سطح پر تنہائی کا شکار ہے اور عالمی سطح پر پاکستان کو تنہائی سے بچانے کیلئے ضروری ہے کہ ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل ایک وفد بھارت، امریکہ اور یورپ بھیجا جائے تاکہ بات چیت کے ذریعہ پاک بھارت کشیدگی کا خاتمہ کیا جاسکے اور دنیا بھر میں پاکستان کا مؤقف اجاگر کرنے کیلئے سفارتی سطح پر بھرپور کردار ادا کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان خود دہشت گردی کا شکار ہے، قومی سلامتی کیلئے خطرہ بننے والے یہ دہشت گرد کسی کے نہیں ہیں اور انکا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اس وقت قومی سلامتی کا مسئلہ درپیش ہے لہٰذا پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ نان ایشوز کو قومی سلامتی پر ہرگز ترجیح نہ دیں اور اپنے سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر قومی سلامتی وبقاء کیلئے عملی کردار ادا کریں۔ سینیٹر طارق عظیم نے جناب الطاف حسین کے خیالات کا پرجوش خیرمقدم کیا اور پاک بھارت کشیدگی کے خاتمے کیلئے ان کی تجاویز سے مکمل اتفاق کیا۔ انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ قومی سلامتی کیلئے آپ کے جذبات قابل قدر ہیں اور آپ ملک کی بہت بڑی خدمت کر رہے ہیں جسے تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔

## رابطہ کمیٹی اور اے پی ایم ایس او کا نعمان علی سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔29، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین نعمان علی کے والد فہیم علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) دریں اثناء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین نعمان علی کے والد فہیم علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں مرکزی کابینہ کے ارکان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## پاکستان اپنی تاریخ کے نازک دور سے گزر رہا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے سال نو 2009ء کیلئے جاری کردہ کلینڈر کی تقریب رونمائی سے خطاب

کراچی۔۔۔29/دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی تاریخ کے نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کو اندرونی وبیرونی خطرات سے بچانے کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے سال 2009 کے کلینڈر کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت، انیس قائم خانی، اشفاق منگی، ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے نگراں انچارج منور احمد، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان طاہر اور محمد سہیل بھی موجود تھے۔ تقریب میں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مختلف یونٹوں کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کلینڈر کے اجراء پر میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ذمہ داران اور کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق دکھی انسانیت کی عملی خدمت میں مصروف ہے جس پر میڈیکل ایڈ کمیٹی کے کارکنان خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی موجود صورتحال انتہائی نازک ہے اور ملک کی سرحدوں پر خطرات منڈلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو اندرونی وبیرونی خطرات سے بچانے کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی جماعت ہے اور غریب ومتوسط طبقہ

کےعوام کے بنیادی مسائل کا حل ایم کیو ایم کی پہلی ترجیح ہے۔

## اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین کے والد فہیم کو یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا
## نماز جنازہ وتدفین میں وزیراعلیٰ کے مشیر خواجہ اظہار الحسین، ٹاؤن نائب ناظمین،
## اے پی ایم ایس او کے مرکزی کمیٹی کے اراکین ودیگر کی شرکت

کراچی ۔۔۔29دسمبر 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (APMSO) کے وائس چیئرمین نعمان کے والد فہیم علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 67 سال تھی اور وہ طویل عرصہ سے علیل تھے۔ دریں اثناء مرحوم کو یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ٹاؤن ناظم شعیب اختر، لیاقت آباد ٹاؤن کے نائب ناظم ریحان صدیقی، اور اے پی ایم ایس او کے مرکزی کمیٹی کے ارکان، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیزاقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا کارکن سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔29دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون، یوسی 4 ٹنڈو آدم حق پرست کونسلر جاوید عباس کی والدہ خاتون بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆